© rasailojaraid.com

کا شروع سال بتلائے گئے ہیں۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب کی بھی یہی رائے ہے۔" (ص۱۸۴ ازالہ)[ع]

(۲) "غلام احمد قادیانی اپنے حروف کے اعداد سے اشارہ کر رہا ہے یعنی تیرہ سو کا عدد جو اس نام سے نکلتا ہے وہ بتلا رہا ہے کہ تیرہویں صدی کے ختم ہونے پر یہی مجدد آیا جس کا نام تیرہ سو کا عدد پورا کرتا ہے۔" (ص۱۶ تریاق القلوب)

قارئین کرام! اگر اس امر کو نظر انداز بھی کیا جائے کہ مرزا صاحب کی دلائل کتنی لغو و لچر ہیں کہ اپنے نام کے ساتھ اپنی بستی کے نام کو بھی شامل کر کے بحساب اعداد جمل اپنا سنہ ظہور بتلایا جاتا ہے، تو بھی ان عبارات سے صاف عیاں ہے کہ مرزا صاحب بجائے شروع تیرہویں صدی میں ظاہر ہونے کے سو سال بعد شروع چودھویں صدی میں آئے تھے۔ پس ان کا حق نہیں کہ حدیث "الآیات بعد المأتین" سے جسکو ہیرا پھیری سے تیرہویں صدی پر چسپاں کیا تھا، دلیل پکڑیں۔ (باقی دارد)

## گلدستۂ اخبار

——— خلیفہ قادیان وسط نومبر سے بیمار ہیں۔ ۲۲ نومبر کے الفضل سے معلوم ہوا ہے کہ ہنوز مکمل صحت حاصل نہیں ہوئی۔ (ناظرین دعا کریں)۔

——— ناظر امور عامہ قادیان نے ایک اعلان شائع کیا ہے کہ چونکہ احمدیوں (مرزائیوں) کے نکاح آپس ہی میں ہو سکتے ہیں اسواسطے خواہشمند احباب اگر جلسہ سالانہ پر اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کو ہمراہ لے آیا کریں تو دفتر ہذا کی معرفت فریقین اپنی مرضی کے مطابق ایسے معاملات طے کر لیا کریں۔ (یہ بہت اچھا طریقہ ہے جلسہ بھی دیکھ گئے اور رشتے بھی کر گئے۔ مگر جلسہ سے پہلے تصویرات بھیجا کریں تو مقابلہ کرنے میں آسانی ہو)۔

——— بمبئی میں پولیس نے ۲۱ سرکردہ کانگرسی کارکن گرفتار کئے ہیں جن کے متعلق اسے یقین ہے کہ وہ سول نافرمانی کے محرک ہیں۔

——— افواہ ہے کہ مالی حالت کو مدنظر رکھکر بنگال میں تین وزراء میں سے ایک وزیر کو کم کر دیا جائیگا۔

——— گورنر بنگال ٹینس کھیل رہے تھے کہ گر جانیکی وجہ سے آپ کا شانہ (کندھا) اُتر گیا۔

[ع] یہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ پر مرزا صاحب کا صریح افترا ہے جھوٹ ہے بہتان ہے۔

© rasailojaraid.com